میرا لاہور



ABDULLAH UMAR

عبداللہ عمر

میرا لاہور

مصنف

عبداللہ عمر

مقدمہ

میرا نام عبداللہ عمر ہے یہ میری زندگی کا پہلا کتابچہ ہے متعدد موضوعات پر غور وفکر کرنے کے بعد فیصلہ کیا کہ اپنے آبائی شہر اور اپنے پسندیدہ شہر لاہور کے اوپر ایک کتابچہ لکھوں میری لاہور سے محبت اتنی ہے کہ لفظوں میں بیان نہیں کیا جا سکتا آج سے کچھ عرصہ قبل میرے ماں باپ نے مجھے ایک آفر دی کہ تم دبئی چلے جاؤ اور کاروبار کرو لیکن میں نے کہا کہ آپ پاکستان چھوڑنے کی بات کرتے ہیں میں تو لاہور نہ چھوڑوں پاکستان تو بہت دور کی بات ہے لاہور کو ایک عظیم مقبولیت پوری دنیا میں حاصل ہے لاہور کی تاریخ ہزار سال کی ہے جس میں متعدد اقوام اور بادشاہوں نے یہاں حکومت کی ہے لاہور ہر لحاظ سے مقبول ہے چاہے وہ تعلیم کا میدان ہو یا صحت کا یا تجارت کا یا ثقافت کا یا کھانے پینے کا یا چاہے کھیل کا میدان کیوں نہ ہو لاہور ہر لحاظ سے مشہور ہے اس کتابچے میں 10 باب ہے جس میں میں کوشش کروں گا ہر چیز کا تذکرہ کروں جس کا مجھے علم ہے اور میں اس سے واقف ہوں اس کتابچے میں لاہور کی تاریخ لاہور کے 12 دروازے مغلوں کا راج لاہور باغوں کا شہر اور دیگر چیزوں پر آپ کو گفتگو نظر آئے گی اس کتابچے کو لکھنے میں میں کہیں چیزوں سے مدد لوں گا جیسے انٹرنیٹ وولٹ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی ان مشہور جگہوں کی ہسٹری اور مشہور مقامات کو خود وزٹ کر کے آپ تک ان جگہوں کی بارے میں معلومات دوں گا اس کتابچے کو لکھنے میں میری دادی نے بھی مجھے بہت مدد کی ہے انشاءاللہ اُمید ہے قارئین کو یہ کتابچہ بہت پسند آئے گا۔

عبداللہ عمر

12-04-2026

﴾لاہور کی تاریخ﴿

لاہور پاکستان کا صوبہ پنجاب کا دارالحکومت اور پاکستان کا دوسرا بڑا شہر ہے یہ پاکستان کا ثقافتی تعلیمی اور تاریخی مرکز ہے اِس کو پاکستان کا دل بھی کہتے ہیں یہ شہر دریائے راوی کے کنارے واقع ہے اس شہر کی آبادی ڈیڑھ کروڑ ہے شاہی قلعہ شالمار باغ بادشاہی مسجد مقبرہ جہانگیر اور مقبرہ نور جہاں مغل دور کی یادگار ہے سکھ اور برطانوی دور کی بھی تاریخی عمارتیں موجود ہیں لاہور میں بہت سے بادشاہوں نے حکومت کی ہے بہت سی قومیں یہاں آ کر بسی ہیں لیکن میں اس کا صرف مختصر تذکرہ کروں گا تاکہ لمبی تاریخ بیان کرنے سے آپ اس کتابچے سے بیزار نہ ہو اس شہر کی ابتدائی تاریخ کے بارے میں عوام میں مشہور ہے لیکن اس کا ثبوت موجود نہیں کہ رام چندر جی کے بیٹے "لہو" نے یہ بستی آباد کی تھی لاہور کا ذکر ہندو راجوں سے ملتا ہے راجہ جے پال اور انند پال (ھندو شاھی خاندان) یہاں کے حکمران تھے محمود غزنوی نے 1021ء میں لاہور فتح کیا لاہور کو اپنی سلطنت کا اہم مرکز بنایا اس کے بعد غوری دور کا آغاز ہوا محمد غوری نے لاہور پر قبضہ کیا یہ دور دہلی سلطنت کے قیام کا آغاز بنا مختلف خاندانوں نے لاہور پر حکومت کی مملوک خاندان جس میں سرفہرست قطب الدین ایبک جو کہ افغانستان کے شہر ایبک سے آئے تھے اور سلطان التمش۔ خلجی خاندان میں علاؤ الدین خلجی خاندان محمد بن تغلق، لودھی خاندان ابراہیم لودھی اس کے بعد مغلیہ دور شروع ہوا بابر پہلے سے ہی ہندوستان پر حملہ کرنے کے بارے میں سوچ رہا تھا اور دولت خان لودھی کی دعوت نے اس پر مہمیز کا کام کیا لاہور کے قریب بابر اور ابراہیم لودھی کی افواج میں پہلا ٹکراہوا جس میں بابر فتح یاب ہوا تاہم صرف چار روز کے وقفے کے بعد اس نے دہلی کی طرف پیش قدمی شروع کر دی ابھی بابر سرہند کے قریب ہی پہنچا تھا کہ اسے دولت خان لودھی کی سازش کی اطلاع ملی جس پر وہ اپنا ارادہ منسوخ کر کے لاہور کی جانب بڑھا اور مفتوحہ علاقوں کو اپنے وفادار سرداروں کے زیر انتظام کر کے کابل واپس ہوا۔ اگلے برس لاہور میں سازشوں کا بازار گرم ہونے کی اطلاعات ملنے پر بابر دوبارہ لاہور کی طرف روانہ ہوا مخالف افواج راوی کے قریب مقابلے کے لیے سامنے آئے مگر مقابلہ شروع ہونے سے پہلے ہی بھاگ نکلے لاہور میں داخل ہوئے بغیر بابر دہلی کی طرف بڑھا اور پانی پت کی لڑائی میں فیصلہ کن فتح حاصل

کر کے دہلی کے تخت پر قابض ہوا اس طرح ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی ابتداء لاہور کے صوبہ دار کی بابر کو دعوت سے ہوئی۔

اصل ترقی اکبر اعظم کے زمانے میں ہوئی لاہور کو کچھ عرصہ دارالحکومت بنایا گیا لاہور قلعہ کو وسعت دی گئی لاہور کو مضبوط فصیل اور دروازے دیے گئے مزید ترقی جہانگیر اور شاہ جہاں کے دور میں لاہور اپنے عروج پر پہنچا شالیمار باغ تعمیر ہوا خوبصورت عمارتیں باغات اور نہریں بنائی گئی فن تعمیر اپنے عروج پر تھا مذہبی وثقافتی ترقی اور اورنگزیب عالمگیر کے دور میں ہوئی بادشاہی مسجد تعمیر ہوئی اسلامی طرز تعمیر کو فروغ ملا اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد مغلیہ سلطنت تیزی سے کمزور ہونے لگی اور لاہور بھی اس زوال سے شدید متاثر ہوا اس کے چند اہم اسباب تھے جیسے:

کمزور حکمران اور اندرونی لڑائیاں اورنگزیب کے بعد آنے والے بادشاہ طاقتور نہ تھے دربار میں سازش، تخت کی لڑائیاں اور صوبائی گورنروں کی بغاوت بڑھ گئی جس سے مرکز کمزور ہو گیا اور لاہور جیسے اہم شہر پر گرفت ڈھیلی پڑ گئی بیرونی حملے اور تباہی 1739ء میں نادر شاہ نے ہندوستان پر حملہ کیا اگرچہ اس کا بڑا حملہ دہلی پر تھا مگر پورا خطہ عدم استحکام کا شکار ہو گیا اس کے بعد احمد شاہ ابدالی نے بار بار پنجاب اور لاہور پر حملے کیے جس سے شہر کی معیشت تباہ ہوئی آبادی کو نقصان پہنچا تجارتی سرگرمیاں ختم ہونے لگی مغلوں کی کمزوری سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے سکھ قوت مضبوط ہوئی مختلف سکھ جتھے لاہور اور اس کے گردونواں میں طاقت حاصل کرنے لگے جس سے مغلیہ کنٹرول مزید کمزور ہو گیا جس کی وجہ سے معاشی بحران آیا تجارت کم ہو گئی لوگ ہجرت کرنے لگے شہر کی رونق ماند پڑ گئی مہاراجہ رنجیت سنگھ نے لاہور کو دارالحکومت بنایا سکھ سلطنت کا مرکز بنا سکھوں کی سلطنت ختم ہونے کے بعد 1849ء میں انگریزوں نے لاہور پر قبضہ کیا ترقیاتی کام شروع کیے جیسے ریلوے تعلیمی ادارے لاہور سیاسی اور ثقافتی مرکز بنا برطانوی دور میں 23 مارچ 1940ء کو قرارداد پاکستان منعقد ہوئی منٹو پارک میں جس کی وجہ سے قائداعظم اور مسلمانوں کی سیاست کو قوت حاصل ہوئی اور کئی سال جدوجہد کے بعد 14 اگست 1947ء پاکستان آزاد ہو گیا تقسیم کے بعد لاہور پاکستان کا اہم شہر بن گیا اور جیسا کہ اس باب کے شروع میں عرض کیا لاہور صوبہ پنجاب کا دارالحکومت بنا لاہور پاکستان کے سب سے ترقی یافتہ شہر ہے یہ تعلیمی مرکز ہے یہاں پہ موجود میڈیکل کالجز اور عظیم درسگاہیں ہیں پورے پاکستان میں لاہور جیسا ٹرانسپورٹیشن سسٹم کہیں بھی نہیں ہے یہاں پہ بس، ٹیکسی رکشہ ہر قسم کی سواری میسر ہے بلکہ پاکستان کی واحد میٹرو ٹرین بھی یہاں میسر ہے لاہور ایک تجارتی مرکز بھی ہے یہاں کے بازار کسی سے کم نہیں یہاں پہ جنوبی ایشیاء کی سب سے بڑی کلاتھ مارکیٹ اعظم کلاتھ

مارکیٹ ہے اور پاکستان کی سب سے بڑی ہول سیل مارکیٹ شاہ عالم مارکیٹ بھی یہیں پائی جاتی ہے اور انارکلی بازار لبرٹی مارکیٹ اچھرہ بازار اور کئی اقسام کی مارکیٹ یہاں پائی جاتی ہے یہاں پہ بہت سارے شاپنگ مال بھی ہے سر فہرست امپوریم مال، پیکجز مال، ڈولمن مال، فورٹرس سکوئر مال، امانہ مال، مال آف لاہور وغیرہ۔ لاہور کو باغوں کا شہر بھی کہا جاتا ہے اور اس کے اوپر ایک مکمل باب آپ کو پڑھنے کو ملے گا۔

مغل ورثہ (Heritage) اور گمنام گوشے

1۔ بادشاہی مسجد

جب مغل تعمیرات کا ذکر ہوگا تو سرفہرست بادشاہی مسجد ہی ہوگی بادشاہی مسجد کو عالمگیری بادشاہی مسجد بھی کہا جاتا ہے یہ مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے دور حکومت میں بنی تھی 1671ء میں اس کے تعمیراتی کام آغاز ہوا اور 1673ء میں یعنی دو سال کے قلیل عرصے میں یہ مکمل ہوا کچھ روایات کے مطابق 10 ہزار مزدور نے مل کر یہ مسجد بنائی اور چار لاکھ روپے اس وقت اس پر خرچ آیا اس وقت یہ دنیا کی 15 ویں سب سے بڑی مسجد ہے اور اس میں ایک لاکھ نمازی کی نماز پڑھنے کی جگہ ہے اس کے احاطے میں شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال رحمہ اللہ یہاں مدفون ہے اس کے سامنے حضوری باغ اور شاہی قلعہ ہے بادشاہی مسجد کا ایک راستہ روشنائی دروازے سے بھی ہے جو کہ فوڈ سٹریٹ کے ساتھ جو ہے یہ میری پسندیدہ جگہ ہے پہلی دفعہ 2010ء میں اس کو وزٹ کیا اور صحیح بتاؤں میں اس کو تقریباً 40 مرتبہ وزٹ کر چکا ہوں اور ہر دفعہ ایسا ہی لگتا ہے جیسے پہلی دفعہ دیکھ رہے ہوں اکثر کبھی اندرون شہر کی طرف چکر لگے یا آزادی انٹرچینج سے گزر ہو تو کچھ لمحہ بادشاہی مسجد کو ضرور دیکھتا ہوں اور آپ کو بتا تا چلوں کہ بادشاہی مسجد کا ہر موسم میں اس کا ایک الگ ہی رنگ ہوتا ہے بادشاہی مسجد میں تبرکات کی گیلری بھی ہے یہاں پہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تبرکات امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کے تبرکات حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ تبرکات امام حسن کے تبرکات بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہ کے تبرکات اور شیخ عبدالقادر جیلانی کے تبرکات موجود ہیں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ تبرکات جو ان ہستیوں کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں یہ ان کے ہیں ہی نہیں واللہ اعلم پھر یہاں پہ قران گیلری ہے یہاں پہ میرے علم کے مطابق 30 یا 30 سے زائد قرآن ایسے ہے جو دھگوں کی مدد سے لکھیں گئے ہیں۔

2۔ حضوری باغ

ویسے تو راجہ رنجیت سنگھ کے دور میں قائم ہوا ہے ویسے تو یہ مغل دور کی عمارت نہیں ہے لیکن مغل طرز کی ہی بنی ہوئی ہے جو کہ بادشاہی مسجد اور شاہی قلعے کے درمیان ہے اس باغ کو شاہی دربار اور تقریبات کے لیے استعمال کیا جاتا تھا اس میں موجود سفید سنگ مرمر سے بنی بارہ دری چار چاند لگا دیتی ہے آج بھی یہ سیاسی اور دیگر بڑی تقریبات کے لیے استعمال ہوتا ہے یا فلم اور شوٹنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے اور یہ انتہائی خوبصورت باغ ہے اس کی خوبصورتی برقرار رکھنے کے لیے انتظامیہ نے اس کے اردگرد فینسنگ کی ہوئی ہے عام عوام کے لیے اس باغ میں داخلہ ممنوع ہے۔

3۔ شاہی قلعہ

شاہی قلعہ لاہور کو بین الاقوامی شہرت حاصل ہے بادشاہ اکبر کے دور میں اس کی تعمیر کا آغاز ہوا اور اس کو مکمل ہوتے 100 سال لگ گئے زیادہ تر حصہ بادشاہ اکبر کے دور میں ہی بنا کچھ تعمیراتی کام جہانگیر کے دور میں ہوا اور کچھ تعمیراتی کام بادشاہ شاہ جہاں کے دور میں ہوئے جیسے شیش محل وغیرہ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ شاہی قلعہ لاہور اونچا بنانے کی دو وجوہات تھی ایک جنگی حکمت عملی اور دوسرا یہ سننے میں آتا ہے کہ اس کے دیوار کے ساتھ راوی دریا بہتا تھا شاہی قلعہ لاہور کی ایک خاص بات یہ ہے کہ آپ یہاں جب بھی جائیں آپ کو کچھ نہ کچھ نیا دیکھنے کو ملتا ہے میں پہلی دفعہ 2010ء میں گیا تھا تب اس کی شکل کچھ اور تھی 2018ء میں کچھ اور 2019ء میں اور موجودہ وقت میں کچھ اور والڈ سٹی لاہور اتھارٹی (WCLA) نے یہاں بہت سے تعمیراتی کام کیے ہیں جیسے بارود خانہ، اکبری حمام، رنجیت سنگھ کا میوزیم، شاہی رسوئی خانہ، بھٹو جیل اور دیگر مغل ورثہ (heritage) کو بحال کیا یہاں پہ واقع موتی مسجد جس کو جن والی مسجد بھی کہا جاتا ہے اس سے 1673ء کے قریب اورنگزیب عالمگیر نے تعمیر کروائی یہ مسجد سفید سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے آپ جب بھی شاہی قلعہ کا دورہ کریں تو ضرور شیش محل اور نولکھا محل ضرور وزٹ کریں ایک جگہ جو کہ حال ہی میں بحال ہوئی ہے نولکھا کے قریب جس کی ٹکٹ 100 روپے ہے وہاں آپ اوپر جائیں اور وہاں سے کیا خوب نظارہ آتا ہے مینار پاکستان بادشاہی مسجد بارود خانہ شاہی اور قلعے کا مرکزی دروازہ ایک ساتھ نظر آتا ہے۔

4۔ شالامار باغ

شالامار باغ لاہور کے اہم سیاحتی جگہوں میں سے ایک جگہ ہے یہ باغ 1641 میں بننا شروع ہوا اور 1642ء میں مکمل ہوا تقریباً 17 مہینوں میں اپنی تکمیل تک پہنچا یہ باغ تین سطحوں پر مشتمل ہے اس کے یہ ٹیرس (Terrac) اس کو

دوسرے باغات سے نایاب اور خوبصورت بناتے ہیں اس میں موجود سفید سنگ مرمر کی بنی بارہ دری اور 410 فوارے اس باغ کی زینت ہے اس میں سرخ پتھر کا بھی استعمال کیا گیا ہے۔

5۔ وزیر خان مسجد

وزیر خان مسجد دہلی گیٹ سے 300 میٹر دور واقع ہے یہ 12 دروازوں کے اندر شامل ہے وزیر خان مسجد 1634ء میں بننا شروع ہوئی اور 1642ء میں تکمیل تک پہنچی تقریباً سات سال کا عرصہ لگا اس مسجد کو تعمیر ہونے میں۔ یہ مسجد شیخ علم الدین انصاری عرف وزیر خان نے بنوائی جو کہ مغل بادشاہ شاہ جہاں کے دور میں صوبہ پنجاب کے گورنر تھے یہ مغل دور کی اُن چند عمارتوں میں سے ہیں جہاں خوبصورتی اور آرائش کو اہمیت دی گئی ہے اس کی دیواروں پر نہایت نفیس کاشی کاری کی گئی ہے اس کے چاروں کونوں پر اُونچے مینار اور اُس کا وسیع صحن اور محراب نہایت دلکش ہے لیکن اب یہ مسجد خستہ حالت میں ہے WCLA اس کی بحالی میں کئی عرصے سے کام کر رہی ہے ہماری حکومت سے درخواست ہے کہ کئی سال ہو گئے ہیں لیکن ابھی تک اس مسجد کا کام مکمل نہیں ہوا تو اس کو جلد از جلد مکمل کیا جائے کیونکہ یہ لاہور کا ایک اہم سیاحتی مرکز ہے ہزاروں لاکھوں سیاح پوری دنیا سے دہلی گیٹ آتے ہیں اور اگر کوئی دہلی دروازہ آئے اور وزیر خان مسجد نہ وزٹ کریں ایسا ممکن ہی نہیں یہ دہلی دروازے کا اہم مرکز ہے۔

6۔ جہانگیر کا مقبرہ

مغل بادشاہ جہانگیر کی آخری آرام گاہ راوی دریا کے اُس پار شاہدرہ باغ میں موجود ہے جہانگیر کا مقبرہ مغل بادشاہ شاہ جہاں اور نور جہاں زوجہ جہانگیر نے 1627ء میں تعمیر کا آغاز کروایا جو کہ 1637ء میں اپنی تکمیل تک پہنچا جہانگیر کا مقبرہ مغل فن تعمیر کا ایک شاندار نمونہ ہے اس میں سرخ پتھر اور سفید سنگ مرمر استعمال ہوا ہے جہانگیر کے مقبرے میں داخل ہونے سے پہلے اکبری سرائی آتی ہے جو کہ ایک وسیع باغ ہے جہانگیر کا مقبرہ اور آصف جہاں کے مقبرے کے درمیان اکبری سرائی سے داخل ہوتے ہی ایک خوبصورت اور وسیع وعریض باغ بلکہ کہنا چاہیے باغات دیکھنے کو ملتے ہیں جہانگیر کے مقبرے کی عالی شان عمارت دیکھنے کو ملتی ہے اور آپ کو بتا تا چلوں ویسے تو انتظامیہ نے اس کے مینار پر جانے کا راستہ بند کر رکھا ہے لیکن کسی وقت میں یہ کھلا ہوتا تھا اور میں نے خود 2 اپریل 2022ء میں زندگی میں پہلی مرتبہ جہانگیر کے مقبرے گیا تو میں مینار پر چڑھا اس کا مینار انتہائی اونچا ہے اور اس سے راوی دریا اور اس پار لاہور کا ایک عظیم منظر دیکھنے کو ملتا ہے اور اگر آپ مینار سے بادشاہی مسجد کو دیکھیں تو اس کے صرف تین مینار نظر آتے ہیں اور اگر آپ

بادشاہی مسجد کے مینار سے جہانگیر کے مقبرے کو دیکھیں تو اس کے بھی صرف تین مینار نظر آتے ہیں یہ ایک حیرت کی بات ہے۔

7۔ نور جہاں کا مقبرہ

مہر النساء المعروف ملکہ نور جہاں شہنشاہ جہانگیر کی چہیتی زوجہ اور مغل تاریخ کا ایک انتہائی بااثر و اہم کردار تھی۔ آپ کا انتقال 1645ء میں ہوا یہ مقبرہ ملکہ نے غالباً اپنی عین حیات ہی تعمیر کروایا تھا تاریخی شواہد کے مطابق یہ مقبرہ انتہائی دلکش نکاشی و دیگر آرائشی کام سے مزین تھا۔ مغلیہ سلطنت کے زوال میں یہ مقبرہ بھی بری طرح متاثر ہوا بعد ازاں سکھ عہد میں اس مقبرے کی حالت ابتر ہو گئی قیمتی پتھر اتر والیا گیا جبکہ تہ خانے میں موجود ملکہ اور اُن کی صاحبزادی لاڈلی بیگم کی قبور کو بھی نقصان پہنچا۔ نیز برطانوی نوآبادیاتی دور میں ریلوے لائن کو بچھانے کے واسطے میں اس مقبرے کو شہنشاہ جہانگیر کے مقبرے سے جدا کر دیا گیا۔ مختلف ادوار میں اس مقبرے کی بحالی کا کام بھی ہوتا رہا جیسا کہ 1912ء میں حکیم اجمل خان نے مقبرے کی حالت زار دیکھتے ہوئے اس کے فرش کا کام خطیر رقم شامل کر کے مکمل کروایا۔

8۔ آصف خان کا مقبرہ

آصف خان مغل بادشاہ جہانگیر کی زوجہ نور جہاں کے بھائی تھے یہ جہانگیر کے دور میں نمایا ہوئے ان کو جہانگیر نے ابو الحسن کا لقب دیا۔ یہ درباری سیاستدان تھے بعد میں یہ مشیر اعلیٰ بھی بن گئے ان کی بیٹی ممتاز محل تھی جو کہ مغل بادشاہ شاہ جہاں کے محبوب ترین بیوی تھی آصف خان کا مقبرہ جہانگیر کے مقبرے کے بالکل سامنے ہے یہ مقبرہ ایک عرصہ دراز سے خستہ حال میں تھا لیکن کچھ عرصہ پہلے ڈبلیو سی ایل اے (WCLA) نے اس کی بحالی کا کام شروع کیا اور ابھی بھی جاری ہے۔

﴾ گمنام گوشے ﴿

1۔ مریم اُز زمانی مسجد (جودہ بیگم)

لاہور کے 12 دروازوں میں واقع یہ مغل مسجد جس سے بہت سے لاہوری اس سے ناواقف ہے یہ مسجد مغل بادشاہ اکبر کے دور میں بنی 1611ء میں اس تعمیر کا آغاز ہوا اور 1614ء میں تقریباً تین سال کے عرصے میں مکمل ہوا اس مسجد کا نام اکبر بادشاہ کے زوجہ مریم اُز زمانی عرف جودہ بیگم کے نام پر ہے یہ قلعے کے پیچھے واقع شوما رکیٹ میں ہے یہ مسجد

لاہور کے گمنام گوشہ میں سے ایک ہے اس وقت اس مسجد کی صورتحال خستہ ہے۔

2۔ علی مردان خان کا مقبرہ

علی مردان خان مغلیہ دور کے ایک دلیر سپہ سالار اور منتظم تھے یہ ایرانی النسل تھے اور انہوں نے مغل بادشاہ شاہ جہاں کے دور میں بہت سی خدمات سرانجام دی انہوں نے بہت سے ترقی یاتی کام کیے جیسے بہت سی نہریں بنائی شالیمار باغ میں اہم کردار ادا کیا فن تعمیر اِن میں پائی جاتی تھی اور کئی ایک منصوبے انہوں نے مغلیہ دور میں بنائے 1657ء میں ان کا انتقال ہوا ان کا مقبرہ شالیمار باغ، یو ای ٹی یونیورسٹی کی طرف واقع ہے اس مقبرے میں سرنگ کی مانند گلی جو اوپر سے لوہے کے جنگلے سے بند ہے جو کہ اسے باقی تعمیرات سے الگ بناتا ہے آج کل یہ تصویر بنانے کا بھی نیا مرکز ہے اس مقبرے کی حالت انتہائی خستہ ہے لیکن اس کے بحالی کا کام جاری ہے اور جلد یہ گمنام گوشہ ایک نئی سیاحتی مرکز بنے گا۔

3۔ قطب الدین ایبک کا مقبرہ

برصغیر میں مسلم حکومت کے اولین حکمرانوں میں شمار ہوتے ہیں اور مملوک سلطنت کے بانی تھے۔قطب الدین ایبک کا مقبرہ لاہور شہر میں انارکلی کے علاقے میں واقع ہے۔ یہ مقبرہ سادگی اور تاریخی اہمیت کے لحاظ سے خاص مقام رکھتا ہے۔

تاریخی پس منظر:

قطب الدین ایبک کی وفات 1210ء میں ہوئی۔ روایت کے مطابق وہ چوگان (پولو) کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گر کر جاں بحق ہوئے۔انہیں لاہور میں دفن کیا گیا، جو اس وقت ان کا دارالحکومت تھا۔ان کا مقبرہ ابتدائی طور پر نہایت سادہ تھا، کیونکہ اس دور میں عظیم الشان مقبرے بنانے کا رواج کم تھا۔تعمیر اور بعد کی تبدیلیاں: اصل مقبرہ وقت کے ساتھ خراب ہو گیا تھا۔ بعد میں سکندر لودھی کے دور (15 ویں صدی) میں اس کی مرمت اور دوبارہ تعمیر کی گئی۔ موجودہ عمارت زیادہ تر لودھی دور کی تعمیر ہے، جس میں اسلامی طرزِ تعمیر کی سادگی نمایاں ہے۔

4۔ کامران کی بارہ دری

کامران کی بارہ دری لاہور میں پہلی مغلیہ عمارت تھی یہ پہلے مغل بادشاہ ظہیر الدین بابر کے بیٹے کامران مرزا کے نام پر بنی جو کہ بادشاہ ہمایوں کے بھائی تھے یہ راوی دریا کے کنارے پر واقع ہے اور اس بارہ دری کو دو راستے جاتے ہیں ایک تو دریا سے کشتی کے ذریعے جس سے زیادہ تر لوگ جاتے ہیں دوسرا راستہ جو کہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے بارہ دری روڈ سے جو کہ 300 سے 400 میٹر کچے راستے سے ہو کر آتا ہے اس بارہ دری میں خوبصورت باغ پایا جاتا ہے کیونکہ یہ جگہ شہر

سے دور ہے اور لوگوں اس کا اتنا علم نہیں ہے تو یہاں سوائے اتوار کے ویک ڈیز میں زیادہ سے زیادہ ایک یا دو بندے آپ کو دیکھنے کو ملیں گے۔ اس کی چھت سے ایک خوبصورت منظر دیکھنے کو ملتا ہے اور یہ جگہ مجھے اس وجہ سے بھی بہت پسند ہے کیونکہ یہ ایک پرسکون سیاحتی جگہ ہے اس کی تعمیر 1540ء میں کامران مرزا نے کروائی تھی یہ ان چند مغل عمارتوں میں سے ہے جو صحیح سلامت اور مینٹین ہے بارہ دری کی دیواروں پر طالب علم کی طرف سے نہایت نازیبہ اشعار اور کلمات لکھے ہیں انتظامیہ سے درخواست ہے ان اشعار اور کلمات کو مٹایا جائے اور طالب علم واقعی طالب علم ہونے کا مظاہرہ کریں اس طرح کی حرکت نہ کسی جاہل کو زیب دیتی ہے اور طالب علم کو بالکل بھی زیب نہیں دیتی ہے ان سے التماس ہے کہ عقل کا مظاہرہ کریں۔

5۔ زیب النساء کا مقبرہ

یہ مقبرہ چوبرجی اور سمن آباد کے درمیان مین ملتان روڈ پر واقع ہے یہ مقبرہ اورنگزیب عالمگیر کی بیٹی زیب النساء کا ہے ستارویں صدی میں اس کی تعمیر ہوئی۔

6۔ شاہی حمام

شاہی حمام لاہور کے قدیم مغلیہ دور کے حماموں میں سے ایک اہم تاریخی عمارت ہے، جو آج بھی اپنی خوبصورتی اور فنِ تعمیر کی وجہ سے مشہور ہے۔

تعمیر اور بانی:

شاہی حمام کی تعمیر 1635ء میں مغل بادشاہ شاہ جہاں کے دورِ حکومت میں ہوئی۔ اسے اس وقت کے گورنر لاہور حکیم علم الدین انصاری (جنہیں وزیر خان بھی کہا جاتا ہے) نے تعمیر کروایا۔ اسی وجہ سے اسے "وزیر خان حمام" بھی کہا جاتا ہے۔

محلِ وقوع:

یہ حمام لاہور کے مشہور علاقے دہلی دروازہ کے قریب واقع ہے اور مسجد وزیر خان کے سامنے ہے، جو خود بھی مغلیہ فنِ تعمیر کا شاہکار ہے۔

استعمال اور مقصد:

مغل دور میں شاہی حمام عوام اور شاہی افراد کے لیے نہانے، صفائی اور آرام کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اس میں: گرم،

ٹھنڈے اور نیم گرم پانی کے الگ حصے مساج اور آرام کے کمرے خوبصورت فریسکو (دیواروں پر نقاشی) موجود تھے، جو اس زمانے کی جدید سہولیات میں شمار ہوتے تھے۔ وقت کے ساتھ یہ عمارت خراب ہوگئی اور مختلف دکانوں میں تبدیل ہو گئی تھی۔ لیکن بعد میں آغا خان ٹرسٹ فار کلچر نے اس کی بحالی (Restoration) کا کام کیا، جو 2015ء میں مکمل ہوا۔

موجودہ حیثیت:

آج شاہی حمام ایک عجائب گھر (Museum) کی حیثیت رکھتا ہے اور سیاحوں کے لیے کھلا ہے۔ یہ لاہور کے ثقافتی ورثے کی ایک اہم نشانی ہے۔

7۔ مقبرہ دائی انگہ

یہ مقبرہ شالامار باغ کے قریب واقع ہے اس کو گلابی باغ کے نام سے

بھیجانا جاتا ہے دائی انگہ جن کا اصل نام زیب النساء تھا یہ مغل بادشاہ شاہ جہاں کی رضائی والدہ تھی مغل دربار میں ان کا برا اثر ورسوخ پایا جاتا تھا خاص طور پر شہزادہ اورنگزیب عالمگیر کے دور میں یہ مقبرہ 1671ء میں تعمیر کیا گیا۔ روایت کے مطابق اسے دائی آنگا کی یاد میں تعمیر کروایا گیا، اور بعض مورخین کے مطابق اس کی تعمیر میں ان کے خاندان یا درباری شخصیات کا کردار تھا۔

8۔ چوبرجی مینار

چوبرجی کا مطلب ہے چار برجوں والا چوبرجی کے یہ اداس مینار ایک وسیع باغ کا گیٹ وے تھا یہ بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کی بیٹی زیب النساء نے 1646ء میں بنوایا تھا اس یادگار میں نفیس کاشی کاری کا کام ہوا ہے یہ باقی مغلیہ عمارتوں سے مختلف نظر آتی ہے 2015ء میں سننے میں آیا تھا اور نج ٹرین لاہور کی تعمیر کے لیے اسے توڑا جائے گا لیکن کچھ لوگوں نے اس کے خلاف احتجاج کیا اور اس مغل یادکو بچالیا۔ اب یہ ایک مصروف چوک کی مانند ہے اور لاہور کی پہچان ہے۔

﴾دیگر گمنام گوشے﴿

اس باب میں بے شمار مقبروں کا تذکرہ ہو چکا ہے اس لیے میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا کیونکہ اس باب کا موضوع مغل ہیریٹیج اور گمنام گوشوں کا تھا اس لیے ان کا تذکرہ کرنا ضروری تھا چند گمنام گوشوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ بُدھو کا مقبرہ (Tomb of Buddhu)

2۔ سرو والا مقبرہ (Tomb of Cypress)

3۔ نعمت خان کا مقبرہ (Tomb of Naymat)

4۔ نادرا بیگم کا مقبرہ (Tomb of Nadra Begum)

5۔ بائی وسطی رام (Samadhi of Bhai Wasti)

﴾لاہور کے تیرہ دروازے﴿

1۔ بھاٹی گیٹ

بھاٹی گیٹ کا نام قدیم راجپوت قبیلے 'بھٹی' کے نام پر رکھا گیا ہے، جنہوں نے قدیم زمانے میں ان علاقوں پر یلغار کی تھی۔ یہاں کی سب سے مشہور مارکیٹ 'حکیموں والا بازار' ہے، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ یہاں کثیر تعداد میں حکیموں کی دکانیں موجود ہیں۔ بھاٹی گیٹ کے قریب ہی ایک عجائب گھر 'فقیر خانہ میوزیم' واقع ہے، جہاں مختلف قدیم ادوار کی یادگاریں موجود ہیں۔ مشہور شاعر اور فلسفی علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ کا قدیم گھر بھی بھاٹی گیٹ میں واقع ہے؛ وہ اپنی گریجویشن کے دوران یہاں قیام پذیر رہے تھے۔ یہاں 'وکٹوریہ گرلز ہائی اسکول' کے نام سے ایک قدیم اسکول بھی موجود ہے، جس کا نام ملکہ وکٹوریہ کے نام پر رکھا گیا ہے۔ بھاٹی گیٹ کے لوگ زندہ دل ہیں اور وہ بھاری اور لذیذ کھانے، خصوصاً سری پائے، حلوہ پوری اور لسی بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ یہاں کے لوگوں کا پسندیدہ کھیل کشتی ہے اور مشہور پہلوان 'کالا مارو' کا تعلق بھی بھاٹی گیٹ سے ہی تھا۔ انیسویں صدی کے وسط میں سکھ دورِ حکومت کے ابتر حالات کے دوران، شہر کی فصیلوں اور دروازوں کو نظر انداز کر دیا گیا تھا، جنہیں بالآخر انگریزوں نے گرا دیا۔ برطانوی دور میں اس گیٹ کو دوبارہ تعمیر کیا گیا۔

2۔ روشنائی گیٹ

روشنائی گیٹ، جسے "روشن دروازہ" بھی کہا جاتا ہے، شاہی قلعہ اور بادشاہی مسجد کے درمیان قدیم لاہور (اندرون شہر) کے جنوب میں واقع ہے۔ روشنائی گیٹ کے دو ڈھانچے ہیں: ایک رنجیت سنگھ کی سمادھی کے ساتھ واقع ہے اور دوسرا فورٹ روڈ فوڈ اسٹریٹ کی طرف کھلتا ہے۔

روشنائی گیٹ واحد تاریخی دروازہ ہے جو اب بھی اچھی حالت میں موجود ہے اور اپنی اصل شکل وصورت کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ یہ قلعہ کے راستے شہر میں داخلے کا مرکزی دروازہ تھا اور اسے خاص طور پر امراء، درباریوں، شاہی ملازمین اور شاہی قافلوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ شام کے وقت اس دروازے کو چراغوں سے روشن کیا جاتا تھا، اسی لیے اس کا نام "روشنی دروازہ" پڑ گیا۔ اس دروازے کے ساتھ ہی حضوری باغ ایک اور قابلِ ذکر مقام ہے۔ یہ باغ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے 1813ء میں افغانستان کے شاہ شجاع سے مشہورِ زمانہ کوہِ نور ہیرہ حاصل کرنے کی خوشی میں بنوایا تھا۔ باغ کے وسط میں ایک بارہ دری ہے جسے "حضوری باغ بارہ دری" کہا جاتا ہے، لیکن اب یہ کافی خستہ حال ہے۔ علامہ محمد اقبال کا مزار اور رنجیت سنگھ کی سمادھی بھی اسی باغ میں واقع ہیں۔

3۔ لاہوری گیٹ

لاہوری گیٹ، جسے لوہاری گیٹ بھی کہا جاتا ہے، لاہور شہر کے نام پر منسوب ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب ملک ایاز نے محمود غزنوی کے دور میں شہر کی تعمیر نو کی تو شہر کی ایک چوتھائی آبادی ابتدا میں اسی دروازے کے گرد آباد ہوئی، جس میں 'لاہوری منڈی' نامی ایک بازار بھی شامل تھا جو شہر کے نام پر رکھا گیا تھا۔ انیسویں صدی کے وسط میں سکھ دورِ حکومت کے ابتر اور پرآشوب اختتام پر شہر کی فصیل اور اس کے دروازے دونوں ہی عدم توجہی کا شکار رہے اور آخر کار جب انگریزوں نے شہر پر قبضہ کیا تو انہیں گرا دیا گیا۔ بعد ازاں انہوں نے ان دروازوں کو دوبارہ تعمیر کیا، جس میں لوہاری گیٹ کو اس کے اصل ڈیزائن کے قریب تر رکھا گیا، بجائے اس 'گوتھک ریوائیول' (Gothic Revival) طرزِ تعمیر کے جسے انگریز عام طور پر پسند کرتے تھے۔ محراب والے راستے کے اوپر اب بھی ایک سنگِ مرمر کی تختی نصب ہے جس پر اردو اور انگریزی میں درج ہے کہ یہ تعمیر نو 1864ء میں پنجاب کے دوسرے لیفٹیننٹ گورنر سر رابرٹ مونٹگمری (Sir Robert Montgomery) کے احکامات کے تحت کی گئی تھی۔ یہ کام مسٹر ٹی ڈی فورسیتھ (کمشنر) اور کیپٹن ہال (ڈپٹی کمشنر لاہور) کے ذریعے اور ایک شخص 'عبدالمجید خان' کی نگرانی میں مکمل ہوا۔ برطانوی دور میں تعمیر

کیے گئے پانچ باقی ماندہ دروازوں میں لوہاری گیٹ واحد ایسا دروازہ ہے جو یورپی طرزِ تعمیر سے سب سے کم متاثر ہوا ہے۔اس کے مرکزی دروازے کے ڈھانچے کے دونوں اطراف دو بڑے برج (bastions) ہیں، جبکہ مغربی برج قدیم شہر کی فصیل کے ایک چھوٹے سے حصے (stub) کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔

4۔ دہلی دروازہ

دہلی دروازہ اندرونِ شہر کا مرکزی دروازہ ہے۔ یہ شہر کے مشرقی جانب واقع ہے جو کبھی لاہور قلعہ اور دہلی کے درمیان مرکزی راستہ ہوا کرتا تھا۔ یہ شمال میں یکی دروازہ اور جنوب میں اکبری دروازہ کے درمیان، لنڈا بازار کے مغربی سرے پر، میلاد چوک سے آگے واقع ہے۔ یہ تمام دروازوں میں سب سے بڑا اور مشہور ترین دروازوں میں سے ایک ہے جسے سب سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔مشہورِ زمانہ وزیر خان مسجد دہلی گیٹ بازار کے اندر تقریباً 200 میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔اس عمارت کے مغرب میں مسجد کا شاہی حمام موجود ہے، جو مغل دور کا بچ جانے والا واحد عوامی حمام ہے۔ شہنشاہ اکبر کا تعمیر کردہ یہ دروازہ اس وقت بھی برقرار تھا جب انگریزوں نے سکھوں سے لاہور کا قبضہ حاصل کیا، لیکن تب یہ انتہائی خستہ حال تھا۔

5۔ شیرانوالہ گیٹ

شیرانوالہ گیٹ شہر کے شمالی دروازوں میں سے ایک ہے جس کے مغرب میں کشمیری گیٹ اور جنوب مشرق میں یکی گیٹ واقع ہے۔ دروازے کی عمارت کا رخ شمال کی جانب ہے، جبکہ سرکلر روڈ اور گیٹ کے درمیانی باغ والے حصے پر پہنچنے والی سڑک کے ساتھ چھوٹی عمارتیں بے ترتیبی سے بکھری ہوئی ہیں۔ باغ کی سطح دروازے کی سطح سے تقریباً 4 میٹر نیچی ہے اور رسائی والی سڑک کے ساتھ موجود ڈھانچوں کی چھتیں کئی مقامات پر سڑک کی سطح سے بھی نیچے ہیں۔ سڑک کا مشرقی حصہ ایک کھلا پارک ہے، جبکہ مغربی جانب اور شہر کی قدیم فصیل کی جگہ پر گھر تعمیر کر لیے گئے ہیں جو گیٹ کی عمارت سے جڑے ہوئے ہیں۔ یہ دروازہ پہلے خضری گیٹ کے نام سے جانا جاتا تھا، لیکن اس کا موجودہ نام اس لیے پڑا کیونکہ مہاراجہ رنجیت سنگھ دروازے کے دونوں اطراف پنجروں میں دو شیر رکھا کرتا تھا۔ مرکزی داخلی محراب کے سامنے والے حصے پر دو شمسی تمغے (نشانات) بنے ہوئے ہیں۔

6۔ کشمیری گیٹ

کشمیر گیٹ کا نام اس لیے رکھا گیا کیونکہ اس کا رخ کشمیر کی جانب ہے اور مغلیہ دور میں یہ اس سڑک پر کھلتا تھا جو کشمیر کی

طرف جاتی تھی۔موجودہ گیٹ برطانوی دور میں انیسویں صدی کے آخر میں نوآبادیاتی طرزِ تعمیر پر بنایا گیا تھا اور یہ تقریباً 'شیرانوالہ گیٹ' جیسا ہی ہے، جسے انگریزوں ہی نے دوبارہ تعمیر کیا تھا۔ دیگر دروازوں کے مقابلے میں یہ اپنی ظاہری شکل میں چھوٹا اور سادہ ہے۔ لوہاری اور دہلی گیٹ جیسے بڑے دروازوں کی موجودگی یہ ظاہر کرتی ہے کہ اس دور میں غالباً اس علاقے کو زیادہ اہمیت حاصل نہیں تھی۔تاہم، آزادی کے بعد کشمیر گیٹ کے اندرونی حصے میں تجارت اس حد تک پھیلی کہ یہ علاقہ دیوارِ شہر (اندرون شہر) کے مصروف ترین تجارتی مراکز میں سے ایک بن گیا۔ گیٹ کی عمارت انگریزی حرف 'T' کی شکل کی ہے، جس کا شمالاً جنوباً محور اس 'T' کا مرکز بناتا ہے۔اس کا مرکزی دروازہ سامنے کی طرف نکلا ہوا ہے جس میں 'گوتھک' طرز کی محراب ہے اور دونوں اطراف بھاری ستون بنے ہوئے ہیں۔

کشمیر گیٹ کا ڈھانچہ ایک 'ڈیوڑھی' (پورٹیکو) اور مشرق ومغرب میں واقع دو باہم جڑے ہوئے کمروں پر مشتمل ہے۔ ڈیوڑھی نقشے میں تقریباً چوکور ہے اور اس کا فرش اسی سڑک کا حصہ ہے جو گیٹ کے درمیان سے گزرتی ہے۔ گیٹ کی سجاوٹ بہت معمولی ہے، جس میں سامنے کی طرف دھنسی ہوئی محرابیں یا سوراخ اور مرکزی محراب کے اطراف میں بنے ہوئے 'شمسہ' (پھولدار نقش ونگار) شامل ہیں۔ یہ عمارت نہایت سادہ ہے، جس پر چونا پلاستر کیا گیا ہے اور اسے 'پکا کلی' سے مکمل کیا گیا ہے۔

7۔ اکبری گیٹ

اکبری گیٹ اندرونِ شہر کے مشرقی جانب واقع ہے۔اس کا نام مغل شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر (1542-1605) کے نام پر رکھا گیا تھا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ دروازہ بوسیدہ ہوتا گیا اور انگریزی دورِ حکومت میں اس کی مرمت کی گئی، تاہم اب یہ ایک بار پھر خستہ حالی کا شکار ہے۔شاہی حکمران نے اس گیٹ کے قریب 'اکبری منڈی' کے نام سے ایک بازار قائم کیا تھا۔ یہ لاہور کی سب سے بڑی تھوک اور پرچون کی مارکیٹ ہے جہاں ہر قسم کے غلہ جات تجارت کے لیے دستیاب ہیں۔اب اس دروازے کا اصل ڈھانچہ موجود نہیں رہا۔

8۔ شاہ عالم گیٹ

شاہ عالم گیٹ، جسے عوامی بول چال میں "شاہ عالمی" گیٹ کہا جاتا ہے، لاہور کی چند بڑی اور مصروف ترین تھوک (ہول سیل) مارکیٹوں کا داخلی راستہ ہے۔ زیورات، ملبوسات اور برتنوں سے لے کر کریانہ، سرامک کے برتنوں، شادی بیاہ اور دفتری لوازمات، الیکٹرانک گیجٹس اور

کھلونوں تک آپ کو یہاں دنیا جہان کی تقریباً ہر چیز مل جائے گی۔اس حوالے سے "رنگ محل" اس گیٹ کا ایک اہم بازار ہے جو سارا دن لوگوں کے ہجوم سے بھرا رہتا ہے۔شاہ عالم گیٹ کا نام اورنگزیب عالمگیر کے بیٹے اور جانشین، معظم شاہ عالم بہادر شاہ (1707-1712) کے نام پر رکھا گیا تھا۔وہ پنجاب کے مقبول ترین اور فیاض حکمرانوں میں سے ایک تھے۔ یہ دروازہ لاہور کے دیگر دروازوں کے قدیم طرزِ تعمیر پر بنایا گیا تھا اور اسے پہلے "بھیڑ والا گیٹ" کے نام سے جانا جاتا تھا۔ 1947 کے فسادات کے دوران یہ آگ کی نذر ہو گیا تھا۔حکومتِ پاکستان نے 1952 میں "ڈیمیجڈ ایریا ڈویلپمنٹ آرڈیننس" (Damaged Area Development Ordinance) جاری کیا جس کے تحت اس وقت کی 20 فٹ چوڑی سڑک کو بڑھا کر 80 فٹ کر دیا گیا۔اب صرف اس گیٹ کا نام ہی باقی رہ گیا ہے جبکہ اس کا ڈھانچہ اب وجود نہیں رکھتا۔سنہری مسجد، حویلی میاں خان اور ملک ایاز کا مزار اس گیٹ کے اندر واقع تاریخی مقامات ہیں۔

9۔ مستی گیٹ

مستی دروازہ شاہی قلعہ کے پیچھے مشرق کی جانب واقع ہے۔تحقیقی روایات کے مطابق اس دروازے کا نام یا تو لفظ "مسجدی" (مسجد سے منسوب) سے نکلا ہے یا پھر یہ اس وقت کے تعینات کردہ محافظ مستی بلوچ کے نام پر رکھا گیا تھا۔ مریم زمانی کی مسجد بھی اسی کے قرب و جوار میں واقع ہے۔مستی دروازہ کا علاقہ بنیادی طور پر جوتوں کے تاجروں کا گڑھ ہے، تاہم لوہاری اور بھاٹی گیٹ کی طرح یہ بھی اپنے لذیذ کھانوں کی وجہ سے مشہور ہے۔ یہاں کی دودھ کی دکانیں بہت مقبول ہیں، جہاں دودھ، بادام، پستے، خشک میوہ جات، قلفی اور سوئیوں سے تیار کردہ ایک خاص مشروب فروخت کیا جاتا ہے جسے "ربڑی والا دودھ" کہا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ اس وقت اس دروازے کا اصل ڈھانچہ موجود نہیں ہے۔

10۔ ذکی گیٹ

ذکی گیٹ (یکی گیٹ) قدیم دیوارِ شہر (اندرون لاہور) کے مشرقی جانب واقع دروازوں میں سے ایک ہے۔اس کا نام ایک شہید بزرگ "ذکی" کے نام پر رکھا گیا تھا اور اس کی تاریخ نہایت دلچسپ ہے۔کہا جاتا ہے کہ یہ عظیم بزرگ شمال سے آنے والے "تاتاریوں" کے خلاف برسرِ پیکار تھے کہ اسی دوران ان کا سر قلم کر دیا گیا۔تحقیق بتاتی ہے کہ سر کٹنے کے بعد بھی ان کا دھڑ کچھ دیر تک لڑتا رہا اور پھر گر گیا۔ان کا سر اور دھڑ الگ الگ مقامات پر دفن کیے گئے جہاں وہ گرے تھے، اور ان کے مزارات کی آج بھی عقیدت و احترام سے زیارت کی جاتی ہے۔ذکی گیٹ کے قریب نابینا افراد کے

لیے ایک اسکول کے ساتھ ساتھ کئی حویلیاں اور مندر بھی واقع ہیں۔ گیٹ کی اصل عمارت اب موجود نہیں ہے۔

11۔ ٹیکسالی گیٹ

ٹیکسالی دروازہ ان دو دروازوں میں سے ایک ہے جو دیوارِ شہر (اندرون لاہور) میں مغرب کی جانب سے داخلے کے لیے تعمیر کیے گئے تھے۔ اس دروازے کا نام یہاں قریب ہی واقع شاہی ٹکسال (سکہ بنانے کی جگہ) کے نام پر رکھا گیا تھا۔ اب ٹکسال اور دروازہ دونوں ہی اپنا وجود کھو چکے ہیں۔ کھانوں کے شوقین افراد اکثر ٹیکسالی گیٹ کا رخ کرتے ہیں، کیونکہ یہاں کا بازار بہترین لاہوری ناشتے کے لیے مشہور ہے۔ کچھ معروف ناموں میں فضل دین کے پائے (پھجے کے پائے)، تاج محل کا حلوہ پوری اور شہاب الدین حلوائی شامل ہیں۔ یہ بازار روایتی موسیقی کے آلات کی تیاری اور فروخت کے لیے بھی شہرت رکھتا ہے۔ اس کے قریب ہی واقع ایک اور بازار، شیخو پوریاں بازار، شہر میں بہترین معیار کے کھسے، پشاوری اور کولہا پوری چپلوں کے لیے مشہور ہے، جہاں ملک بھر سے لوگ خریداری کے لیے آتے ہیں۔ مشہور صوفی بزرگ مادھو لال 1539ء میں اسی علاقے میں پیدا ہوئے تھے۔ پانی والا تالاب (جو اپنے دور کی ایک اہم جگہ تھی) اور گردوارہ لال کھوہ (سکھوں کی مقدس عبادت گاہ) بھی اسی دروازے کے قریب واقع ہیں۔

12۔ موچی گیٹ

لاہور کے قدیم فصیل دار شہر (اندرون شہر) کے جنوب میں واقع 'موچی' گیٹ مغلیہ سلطنت کی ایک اہم نشانی ہے۔ شہنشاہ اکبر کے عہد میں پنڈت موتی رام نامی ایک گارڈ اس دروازے کی حفاظت پر مامور تھا جو اپنی موت تک اس عہدے سے وابستہ رہا، چنانچہ اس مناسبت سے یہ دروازہ ان کے نام سے منسوب ہو گیا۔ تاہم، بعض مورخین کا دعویٰ ہے کہ لفظ "موچی" دراصل اردو لفظ "مورچی" سے نکلا ہے جس کا مطلب "مورچہ بند سپاہی" ہے۔
مزید تحقیق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اب بھی مختلف محلے اپنے پرانے اور اصل ناموں سے موجود ہیں، جیسے کہ "محلّہ تیر گراں" (تیر بنانے والے) اور "محلّہ کماں گراں" (کمان بنانے والے)۔ لاہور میں سیاسی جلسوں کے لیے مشہور مقام "موچی باغ" اس گیٹ کے بالکل دائیں جانب واقع ہے۔ گیٹ کے اندرونی علاقہ خشک میوہ جات کی منڈیوں، پتنگوں اور آتش بازی کی دکانوں کی وجہ سے جانا جاتا ہے۔ یہ علاقہ اپنے بے مثال کبابوں، "داس کلچہ مع لونچرا" (ایک لذیذ ناشتہ جو کئی دہائیوں سے گیٹ کے اندر دستیاب ہے) اور علاقے کی مشہور مٹھائی کی دکان "فضل سویٹ ہاؤس" کے لیے بھی بہت مقبول ہے۔ مغلیہ دور کی کچھ مایہ ناز حویلیاں جیسے کہ مبارک حویلی اور نثار حویلی بھی موچی گیٹ کے اندر

واقع ہیں، جن کی عمارتوں کے اندر کئی امام بارگاہیں تعمیر کی گئی ہیں۔ ہر سال 10 محرم الحرام کو ایک بڑا ماتمی جلوس نثار حویلی سے برآمد ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ گیٹ کی اصل قدیم عمارت اب موجود نہیں ہے۔

13۔ موری گیٹ

تمام دروازوں میں سب سے چھوٹا دروازہ، "موری دروازہ"، لاہوری اور بھاٹی گیٹ کے درمیان واقع ہے۔ یہ ایک باقاعدہ دروازے کے بجائے ایک چھوٹا راستہ (گزرگاہ) تھا لیکن پھر بھی اسے مغلیہ سلطنت کے دوران تعمیر کیے گئے عظیم سلسلوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اردو میں "موری" کا مطلب "چھوٹا سوراخ" ہے۔ شام کے وقت جب سیکورٹی وجوہات کی بنا پر تمام بارہ دروازے بند کر دیے جاتے تھے، تو یہ مخصوص راستہ شہرِ محصور (اندرون شہر) تک رسائی فراہم کرتا تھا اور اسے شہر کے کوڑے کرکٹ اور نکاسی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ دروازے کے اندر ایک گلی ایک چوک کی طرف جاتی ہے جو "چوک جھنڈا" کے نام سے مشہور ہے، جہاں پرانے زمانے کے دیسی مصالحہ جات کا بہترین اسٹور "اوپل اسٹور" واقع تھا۔ کسی زمانے میں دروازے کے پیچھے ایک تنگ گلی موجود تھی جو کنور نونہال سنگھ کی حویلی کے باغ کی طرف جاتی تھی۔ آج اگرچہ اس باغ کے کوئی آثار باقی نہیں رہے لیکن حویلی اپنی کچھ تزئین و آرائش کے ساتھ اس قصے کو سنانے کے لیے موجود ہے۔ دروازے کے بالکل سامنے اردو بازار واقع ہے جو اپنے کاغذ، کتابوں اور اسٹیشنری کے لیے مشہور ہے۔ دروازے کے اندر دیگر مشہور مارکیٹوں میں مچھلی کی ایک بہت بڑی مارکیٹ شامل ہے جہاں مچھلی کی مختلف اقسام فروخت ہوتی ہیں، اور لاہور کی سرجیکل کے سامان کی سب سے بڑی مارکیٹ بھی یہیں ہے۔ اس دروازے کے رہائشی لکڑی کے فرنیچر کی پالش، جسے عام طور پر "لاکھ" کہا جاتا ہے، تیار کرنے کے لیے بھی پہچانے جاتے ہیں۔ دروازے کے اندر پتنگیں اور ڈور بھی دستیاب ہیں جہاں دنیا بھر سے لوگ خاص طور پر بسنت منانے کے لیے آتے ہیں۔

﴾لاہور باغوں کا شہر﴿

1۔ گریٹر اقبال پارک

اس باغ کے مختلف ادوار میں مختلف نام رہے ہیں یہ باغ برطانوی دور 1910ء میں بنا تب اس کا نام منٹو پارک تھا منٹو پارک کی ایک بڑی اہم تاریخ ہے 23 مارچ 1940ء میں قائداعظم کی قیادت میں قرارداد لاہور جسے قرارداد پاکستان بھی کہا جاتا ہے منعقد ہوئی اس جلسے سے مسلمانوں کی سیاست میں ایک قوت پیدا ہوئی 1960ء میں مینار بنا

شروع ہوااور 1968ء میں وہ اپنی تکمیل کو پہنچا جس کولوگ یادگار بھی کہتے ہیں لیکن اصل نام مینار پاکستان ہے منٹو پارک میں کرکٹ جنون کی حد تک کھیلی جاتی تھی یہاں پہ پی سی بی کے ٹرائلز بھی ہوتے تھے اور یہ گراؤنڈ پتنگ بازی کے حوالے سے بھی جانی جاتی تھی ہم اپنے بڑوں سے سنتے تھے کہ یہاں پہ سینکڑوں کے حساب سے پتنگ اڑتی تھی اور آسمان میں ایک رنگ برنگا منظر ہوتا تھا اس کے ایک حصے کو گڈی گراؤنڈ بھی کہتے ہیں 2016ء میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے دور میں اس پارک کی رینویشن ہوئی اور اس میں جھیل بنائی گئی کرکٹ کی پچز ختم کی گئی اور اس میں پاکستانی ہسٹری میوزیم بھی بنایا گیا شادی ہال اعلی سطح کے ریسٹورنٹ اور کیفیت بھی بنائے گئے اور اس کو شاہی قلعہ اور بادشاہی مسجد کے ساتھ ضم کر دیا گیا اس باغ میں موجود مشہور شاعر حفیظ جالندھری کی بھی قبر ہے اب اس پارک کا نام گریٹر اقبال پارک ہے۔

2۔ لارنس باغ

لارنس گارڈن 1860ء میں بننا شروع ہوا اور 1862ء میں اپنی تکمیل تک پہنچا لارنس کٹن کا نام سرجان لورنس کے نام پر رکھا گیا جو پنجاب کے پہلے چیف کمشنر اور لیفٹیننٹ گورنر تھے اور بعد میں انڈیا کے وائس رائے بن گئے 1864ء سے لے کے 1869ء تک وہ انڈیا کے وائسرائے رہے اس کو بٹنیکل گارڈن کے طور پر بنایا گیا تھا آج بھی جی سی یو لاہور کا بوٹینیکل گارڈن اس کے ساتھ ہے لارنس گارڈن جس کا اب نام باغِ جناب ہے اس کے بڑی مزیدار تاریخ ہے 1866ء میں Montgomery Hall کی تکمیل ہوئی جس کو اپ قائداعظم لائبریری بنا دیا گیا ہے یہ ایک انتہائی خوبصورت بلڈنگ ہے اور آپ اس کو باغ جناح کا چہرہ بھی کہہ سکتے 1876ء میں یہاں 80 ہزار درخت لگایا گیا پوری دنیا سے منگوا کر 600 الگ سپیشیز کے درخت لگے آج بھی آپ باغِ جناح جائیں تو آپ کو بہت بڑے نایاب اور قدیم درخت دیکھنے کو ملیں گے آج سے کئی سال پہلے جب میں گیا تو وہاں ایک درخت تھا اس درخت کے اندر ایسا فلوئڈ ہوتا ہے جو لکڑی کی کشتی کو جوڑنے کے لیے گلو (Adhesive) کے طور پر استعمال ہوتا ہے 141 ایکڑ پر مبنی یہ پارک ہے باغِ جناح کے بہت سے حصے ہیں اس میں موجود جم خانہ کلب بھی ہے جہاں لاہور کے ایلیٹس اور سیاست دان آتے ہیں جم خانہ کرکٹ کلب کی بھی ایک تاریخ ہے یہاں پہ فرسٹ کلاس میچز سے لے کر انٹرنیشنل میچز بھی ہوئے ہیں قضافی ا سٹیڈیم بننے سے پہلے یہی لاہور کا کرکٹ اسٹیڈیم تھا یہاں پہ پاکستان انڈیا سے لے کر ویسٹ انڈیز کے بھی میچز ہوئے ہیں انگلینڈ اسٹریلیا اور دیگر ممالک کی ٹیم بھی ادھر آتی تھی اور فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلتی تھی لیکن بعد میں قذافی اسٹیڈیم بننے

کے بعد یہاں انٹرنیشنل میچز ہونا بند ہو گئے آج جم خانہ کرکٹ کلب میں جو pavilion تھا وہ اب کرکٹ میوزیم بنا دیا گیا ہے اس میں موجود پرانے زمانے کے بلے بال پیڈز اور دیگر کرکٹ کا سامان مشہور کھلاڑیوں کی کٹ سامان یہاں پر دیکھنے کو ملے گا یہ پاکستان کہ دو کرکٹ میوزیم میں سے ایک میوزیم ہے یہاں پر موجود ایک خوبصورت اور پرانی مسجد دارالسلام کے نام سے ہے وہاں پہ بین الاقوامی شہرت یافتہ قران کے مفسر اور داعی ڈاکٹر اسرار احمد رحمہ اللہ بھی درس دیا کرتے تھے۔ باغ جناح میرے پسندیدہ باغوں میں سے ایک باغ ہے آپ فجر کی نماز پڑھ کے ادھر ہیں اس کے وسیع وعریض ٹریک پر واک کریں صبح کی تازہ اور ٹھنڈی ہوا سے لطف لے اور بارہ دری والے گراونڈ میں ناشتہ کریں ایسا لگتا ہے جیسے روح تازہ ہو رہی ہے میرے کہنے پر یہ ضرور کر کے دیکھیں۔

3۔ جلو پارک

جلو پارک کی تاریخ نسبتاً جدید ہے اور یہ لاہور کے مشہور تفریحی مقامات میں شمار ہوتا ہے جلو پارک کو 1970ء کی دہائی میں قائم کیا گیا۔ اس کا مقصد شہری آبادی کو قدرتی ماحول کے قریب لانا اور ایک پرسکون تفریحی جگہ فراہم کرنا تھا۔ اس پارک کو پنجاب وائلڈ لائف اینڈ پارکس ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ انتظام بنایا گیا۔ یہ پارک تقریبا 450 ایکڑ پر مشتمل ہے۔

قدرتی ماحول:

یہاں سرسبز میدان، درختوں کی کثرت اور جھیل موجود ہے اور ایک بہت لمبا لال رنگ کا برتج جس سے دور تک نظر آتا ہے۔

چڑیا گھر (Mini Zoo):

پارک کے اندر ایک چھوٹا چڑیا گھر بھی قائم کیا گیا اس وقت یہ خستہ حالت میں ہے۔

بوٹینیکل گارڈن:

مختلف اقسام کے پودے اور پھول لگائے گئے اور اس میں موجود butterfly house اس کو نیاب بنا دیتا ہے۔

تفریحی سہولیات:

پکنک پوائنٹس، واکنگ ٹریکس اور بچوں کے کھیلنے کی جگہیں

4۔ ریس کورس پارک

ریس کورس پارک جس کا اب نام جیلانی پارک ہے یہ سابق گورنر پنجاب غلام جیلانی خان کے نام پر رکھا گیا ہے۔ 1985ء میں اس کی تعمیر مکمل ہوئی یہ پارک جیل روڈ پر واقع ہے۔ برطانوی دور (آغاز): یہ جگہ اصل میں برطانوی دورِ حکومت میں 1885ء کے قریب گھڑ دوڑ (Horse Racing) کے لیے مختص کی گئی تھی۔ اسی مناسبت سے اسے "ریس کورس" کہا جانے لگا۔

لاہور ریس کلب:

1924ء میں یہاں باقاعدہ طور پر لاہور ریس کلب قائم ہوا، جو برطانوی افسران اور مقامی اشرافیہ کی تفریح کا گڑھ بن گیا۔

منتقلی:

1976ء میں ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں ریس کلب کو یہاں سے منتقل کرنے کا کہا گیا، لیکن باقاعدہ منتقلی 1980ء میں ہوئی۔ ریس کورس کو یہاں سے کوٹ لکھپت منتقل کر دیا گیا جہاں آج بھی گھڑ دوڑ ہوتی ہے۔

پارک کا قیام:

1980ء کی دہائی میں اس وسیع و عریض جگہ کو ایک عوامی پارک میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس وقت کے گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل غلام جیلانی خان نے اس کی تزئین و آرائش میں گہری دلچسپی لی۔ یہ پارک اپنی منفرد سہولیات کی وجہ سے مشہور ہے:

پھولوں کی نمائش:

یہاں ہر سال جشنِ بہاراں کے موقع پر گلِ داؤدی اور دیگر پھولوں کی شاندار نمائش لگتی ہے۔

مصنوعی جھیل اور آبشار:

پارک کے اندر ایک خوبصورت جھیل اور آبشار بنائی گئی ہے جو سیاحوں کی توجہ کا مرکز رہتی ہے۔

پولو لاؤنج:

ریس کورس کی یادگار کے طور پر یہاں مشہور "پولو لاؤنج" ریسٹورنٹ بھی موجود ہے۔

ٹریک:

یہاں دو بڑے جاگنگ ٹریکس ہیں جن میں سے ایک تقریباً 2.4 کلومیٹر طویل ہے۔

آج یہ پارک لاہور کی ثقافت کا ایک اہم حصہ ہے جہاں لوگ نہ صرف سیر وتفریح کے لیے آتے ہیں بلکہ یہ شہر کے "پھیپھڑوں" کا کام بھی کرتا ہے۔

5۔ ماڈل ٹاؤن پارک

ماڈل ٹاؤن پارک میرا پسندیدہ پارک ہے یہ لاہور کا سب سے زیادہ Maintained پارک ہے بچپن سے ادھر آ رہا ہوں اور ہمیشہ اس پارک کو بہتر ہوتے دیکھا ہے یہ پارک لاہور کے سینٹرل ایریا ماڈل ٹاؤن میں واقع ہے 1985ء میں یہ بننا شروع ہوا 1990ء میں تقریباً پانچ سال کی مدت میں یہ تکمیل کو پہنچا یہ پارک 125 ایکڑ پر پھیلا ہوا ہے اور اس کا دو سے تین کلومیٹر کا ٹریک جو کہ ایشیا کا سب سے بڑا جوگنگ ٹریک ہے وہ یہاں پایا جاتا ہے یہاں پہ اپ کو چھوٹی سی جھیل دیکھنے کو ملے گی وہاں اپ کشتی بھی لے سکتے ہیں اور اس کا کیفٹیریا بہت ہی مناسب اور بہترین ہے یہ فیملی کے لیے بہترین پارک ہے۔

6۔ گلشن اقبال پارک

گلشن اقبال پارک علامہ اقبال ٹاؤن میں واقع ہے میری اس پارک کے ساتھ بچپن سے وابستگی ہے کیونکہ میری پیدائش بھی علامہ اقبال ٹاؤن کی ہی ہے اور میں نے اپنی زندگی کے پہلے پانچ سال وہیں گزارے ہیں میں زندگی میں پہلی مرتبہ سکول ٹرپ پر گلشن اقبال پارک گیا تھا وہ ایک حسین یاد ہے وہاں پہ موجود جھیل جھولے اور ٹرین بڑوں اور بچوں کے لیے لطف اندوز ہے اس پارک کی تاریخ نہایت افسوس ناک ہے 27 مارچ 2016ء کو اس پارک میں دھماکہ ہوا جس سے تقریبا 70 سے 80 بندہ شہید ہو گیا اور تین سو بندہ اس میں زخمی ہوا کچھ عرصے کے بعد اس میں رینوویشن ہوئی اور یہ گراؤنڈ پھر سے نیا جیسا ہو گیا یہ گراؤنڈ سپورٹس کے حوالے سے لاہور کا بہترین پارک ہے یہاں پہ انڈور سپورٹس کی بھی سہولت موجود ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ لاہور کا سب سے انڈر ریٹڈ (Under Rated) پارک ہے میں قارین سے کہوں گا کہ اس پارک کو ضرور وزٹ کریں۔

7۔ لاہور سفاری پارک

سفاری پارک میری وابستگی بچپن کی ہے یہ پارک میرے گھر سے ساڑھے تین کلومیٹر دور واقع ہے یہ پارک وقتاً فوقتاً بدلتا گیا ہے اور اس وقت یہ لاہور کے ان چند ایک پارک میں سے ہے جو بین الاقوامی معیار پر مبنی ہے پہلے اس پارک کا نام

